میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس رپورٹ کو ہی سامنے رکھیں جس میں میانوالی اور بھکر کو شامل کیا گیا ہے تو کوئی ایک پرائمری سکول کا بچہ بھی یہ اندازہ لگا سکتا ہے کہ وہ اضلاع جو دریائے سندھ کے کنارے پر واقع ہیں، مقصد صرف یہ ہے کہ پنجاب کو دریائے سندھ سے کاٹ دیا جائے ورنہ یہ کیا تک بنتی ہے میانوالی کہاں اور بہاولپور کہاں۔ آپ نے دیکھا ہے کہ میانوالی اور بھکر کے ہر طبقہ فکر نے اس کے خلاف مزاحمت کی ہے، اس کے خلاف protest کیا ہے اور اپنی آواز بلند کی ہے خواہ تاجر ہوں، وکلا ہوں، سیاستدان ہوں یا کوئی بھی ہو۔ یہ کیا صورتحال ہے، دنیا میں اس بات اور اصول کو کون مانے گا کہ آپ دو اضلاع کو اٹھا کر کئی سو کلومیٹر دور کے علاقوں کے ساتھ شامل کریں اور پھر کہیں کہ ہم ایسا اس لیے کر رہے ہیں تا کہ ان کو کوئی سہولت ہو۔ یہ اس Bill کی مکمل نفی ہے۔ ان سے کچھ نہیں پوچھا گیا۔ میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ اگر آپ نے اس قسم کی کوئی صورت حال پیدا کرنی تھی تو آپ کو چاہیے تھا کہ آپ ان علاقوں میں referendum کروا لیتے، ان علاقوں سے پوچھ لیتے کہ آیا آپ اس نئے arrangement میں شریک ہونا چاہتے ہیں یا نہیں لیکن ایسا نہیں کیا گیا۔ انڈیا نے اپنی لوک سبھا، پارلیمنٹ کو خود اجازت دی ہے کہ اگر کہیں سے کوئی مطالبہ آتا ہے تو ایک independent body

ہو، ایک مستقل کمیشن ہو، جو اس مطالبے کو دیکھے کہ آیا یہ ملک کے مفاد میں ہے؟ وہاں کے لوگوں کے مفاد میں ہے؟ اس کی کیا implications ہوں گی اور پھر وہ لوگ سیاسی طور پر کسی خاص علاقے کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے یہ کام نہیں کریں گے بلکہ وہ ہر لحاظ سے، قومی نقطہ نگاہ سے دیکھیں گے کہ یہ مناسب ہے یا نہیں ہے۔ جناب والا! اگر ہم 1973 کے آئین کو دیکھیں تو اس کے Article (4) 239میں صرف یہ کہا گیا کہ:

Article 239 (4) "A Bill to amend the Constitution which would have the effect of altering the limits of a Province shall not be presented to the President for assent unless it has been passed by the Provincial Assembly of that Province by the votes of not less than two-third of its total membership".

اس میں صرف altering the limits رکھا گیا ہے، اس میں creation of a new province نہیں رکھا گیا۔ حاجی عدیل جو اس کمیشن کے ممبر تھے، انہوں نے بھی اپنا note اسی سلسلے میں دیا ہے کہ نئے صوبے بنانے کی بات اس میں نہیں ہے لیکن اگر آپ اس سے بھی پہلے دیکھیں کہ جب یہ report پیش ہوئی اور Standing Committee on Law and Justice میں discuss ہوئی تو وہاں بھی یہ سوال اٹھایا گیا اور یہ سوال میں نے اٹھایا تھا کہ جب آئین کسی کو enable نہیں کرتا۔

(اس موقع پر ایوان میں مغرب کی اذان سنائی دی)

**جناب چیئرمین:** راجہ صاحب! آپ conclude کرلیں گے؟

**سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق:** جی جناب چیئرمین! اگر آئین میں ترمیم کے ذریعے creation of a new province or provinces کی بات نہیں آتی تو یہ آئین صرف صوبے کی alteration کی حد تک تو اجازت دے سکتا ہے لیکن نیا صوبہ بنانے کی اجازت نہیں دیتا۔

جناب چیئرمین! اگر آپ آئین کے Article 33 کو دیکھیں جس کے principles of policy میں تحریر کیا گیا ہے اور یہ 1973 کا آئین ہے، جس کے لیے آج کی حکمران جماعت credit لیتی ہے، فخر کرتی ہے کہ ان کی leadership نے اُس وقت یہ متفقہ آئین بنایا تھا۔ جناب والا! Article 33 کے الفاظ کیا ہیں؟

Article 33 "The State shall discourage parochial, racial, tribal, sectarian and provincial prejudices among the citizens."

اگر principles of state policy یہ ہیں کہ کوئی ایسا کام نہ کیا جائے جس سے کوئی parochial, racial, tribal, sectarian and provincial prejudices سامنے آئیں اور ملک کی بنیادیں ہلادیں، آئین ایسا کام کرنے سے منع کرتا ہے۔ اگر کوتاہ اندیشی کی وجہ سے اپنی ناک سے آگے نہ دیکھنے کی صلاحیت کی وجہ سے آج بد قسمتی سے یہ Bill کسی طرح pass بھی ہو جاتا ہے تو میں اس بات کے خدشے کا اظہار کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس وقت سے بچائے جب at the bar of history ہمیں یہ کہا جائے کہ ہم نے پاکستان کے خلاف اتنا بڑا جرم کیا تھا، ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ یہ چیز ایسی لہر دوڑا دے کہ پھر ہر کوئی اٹھے اور کہے کہ آپ ہمارا صوبہ بنائیں، ہم آپ کی پارٹی کی support کریں گے۔ چھوٹے چھوٹے صوبے بننے شروع ہو جائیں گے، اس لیے اس کا علاج یہی تھا کہ کوئی ایسا permanent commission قائم کیا جاتا جو سیاسی غبار سے پاک ہوتا اور وہاں اگر کسی کا کوئی مطالبہ ہوتا تو وہ دیکھ لیتے کہ آیا یہ مطالبہ جائز ہے یا ناجائز ہے، آیا ملک پر اس کے اثرات بہتر ہوں گے یا خراب ہوں گے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ یہاں بیٹھے ہوئے لوگوں کو یقیناً اس بات کا ادراک ہونا چاہیے کہ آج جو وہ کام کریں گے، کل ملک کے لیے اس کے نتائج کیا ہوں گے؟ میں یہاں موجود اراکین سے اپیل کرتا ہوں کہ کسی کے pressure میں، پارٹی کی affiliation میں، کسی ایسی صورت میں نہ آئیں کہ کل وہ قوم کے سامنے، خدا اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے شرمندہ ہوں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: The proceedings are suspended for fifteen minutes for '*Maghrib*' Prayers.

------

*[The House was adjourned for fifteen minutes for Maghrib Prayers]*

*[The House re-assembled after Maghrib Prayers with Mr. Chairman (Syed Nayyer Hussain Bokhari) in the Chair]*

--------

Mr. Chairman: Zafar Ali Shah *Sahib* is not here. Mushahid Hussain Syed is also not present.

point of view has come and your Parliamentary leader has دیکھیں جی discussed it, Leader of the Opposition has discussed it. It was only one person who opposed it. If you recall, it was only one person who opposed it. So, I will proceed further. جی محسن لغاری صاحب۔

**Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari:** If I could have your permission to move that the 24th Amendment Bill, 2013 be circulated for eliciting public opinion thereon according to Rule 103(2).

**Mr. Chairman:** If you read Rule 100 that the mover has got right to move it.

**سینیٹر محمد محسن خان لغاری:** جناب، اس میں تو a Minister or a Member ہے۔

**Mr. Chairman:** If you read Rule 100 and there was no amendment. It cannot be done instantly also. Please see Rule 100.

**سینیٹر محمد محسن خان لغاری:** جی ٹھیک ہے، میں ابھی سینیٹ کے rules کو سیکھ رہا ہوں۔ پنجاب اسمبلی کے rules میں یہ ہوتا ہے کہ to move for public opinion or to be sent to another select committee, the Standing Committee has looked at it. I am sure every Parliament has its own rules but since my exposure was mould to the Punjab Assembly rules. Right sir, your decision is fine.

**Mr. Chairman:** Farooq Naek *Sahib*, should we proceed?

**Senator Farooq Hamid Naek:** Farhatullah Babar *Sahib* would speak on my behalf.

**جناب چیئرمین:** سید ظفر علی شاہ صاحب آپ آگئے، میں نے آپ کا نام پکارا تھا۔ جی ظفر علی شاہ صاحب۔ ویسے شاہ صاحب in principle Leader of Opposition has spoken on

it, your Parliamentary leader has spoken on it and secondly I have told Nuzhat Sadiq also, when I call that whether it is opposed then only one member said ‘opposed’. Nobody else said that he is opposing the Bill.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: کس وقت جناب۔

جناب چیئرمین: جناب اس وقت موجود نہیں تھے۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب، اتنی جلدی نہ کریں۔

جناب چیئرمین: ابھی نہیں جب proceeding شروع ہوئی تھی۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب چیئرمین، آپ تو حکومت سے بھی آگے جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں، میں حکومت سے آگے نہیں جا رہا۔ جناب شاہ صاحب، جب بل consideration کے لیے آیا تھا I asked ‘Is it opposed’. Then, It was only Mohsin Leghari who said, it is opposed. None except Mohsin Leghari said it.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: نہیں، نہیں جناب چیئرمین، اتنی جلدی اور تیز رفتاری بھی ٹھیک نہیں۔ پندرہ منٹ ابھی پورے ہی نہیں ہوئے آپ کی adjournment کے۔

جناب چیئرمین: شاہ صاحب، آپ میری عرض سن لیں۔ گزارش یہ ہے کہ جب میں نے یہ item take up کیا and when the motion was moved by the Law Minister I asked whether it is opposed, it was only one member who said ‘opposed’ none else said it is opposed. In spite of that I give you opportunity. آپ نے بات کرنی ہے تو کر لیں لیکن your party point of view has come now.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جناب چیئرمین، بہت مہربانی آپ نے اجازت دی۔ میں عرض کروں کہ یہ بڑا ticklish مسئلہ ہے۔ جناب چیئرمین، یہ پاکستان کی سانسوں کو روکنے کا مسئلہ ہے۔ حکومت اس میں اتنی تیزی، پھرتی اور تیز رفتاری دکھا رہی ہے، اس میں اپنا نقطہ نظر ریکارڈ کرانا ہمارا حق

it is their job, اس سے ہمیں کیا کرے گی، کیا نہیں کرے گی brutal majority ہے۔ باقی یہ کچھ لینا دینا نہیں ہے لیکن آج بطور رکن ، بطور پنجاب کے نمائندہ کے اگر پنجاب کا سینیٹر بات نہیں کرے گا تو کون کرے گا۔ اور میں مظفر شاہ صاحب کا بالخصوص مشکور ہوں اور دیگر ان حضرات کا کہ جن کا پنجاب سے تعلق نہیں ہے بلکہ دوسرے صوبوں سے ہے اور وہ پنجاب کے حق میں بول رہے ہیں جیسے بزنجو صاحب اور شاہ صاحب نے ابھی تقریر کی ہے۔

جناب چیئرمین، میں کمیٹی میں بھی record پر ہوں اور آج پھر یہ کہنا چاہتا ہوں اور ببانگ دہل کہنا چاہتا ہوں اور خدا نہ کرے کہ یہ بل پاس ہو اور اگر یہ پاس ہو گیا تو میں یہ بھی ثابت کر کے دکھاؤں گا کہ جو میں کہہ رہا ہوں وہ ٹھیک ہے۔ میں alteration and creation پر بھی آؤں گا۔ اس موجودہ پارلیمنٹ کے ایک حصے کو 342 members of National Assembly کے ایک حصے کو قطعاً یہ اختیار نہیں ہے کہ یہ پاکستان کے صوبوں پر قینچی رکھ کر اس کو چوہوں کی طرح کتر کر رکھ دے۔ یہ قطعاً اختیار نہیں ہے اور اگر آج کی پارلیمنٹ یہ اختیار استعمال کرے گی تو میں سمجھتا ہوں کہ Constitution کی violation اس سے زیادہ اور ہو نہیں سکتی۔

جناب چیئرمین! ایک ہفتہ رہ گیا ہے۔ اس پارلیمنٹ کو تو آکسیجن لگی ہوئی ہے۔ وہ یہ جرات کر رہی ہے کہ پنجاب اور پاکستان کے صوبوں کی کانٹ چھانٹ کر رہی ہے۔ جناب چیئرمین! ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے اور ایک نہایت ہی چھوٹا وکیل ہونے کی حیثیت سے میں یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ اس کا ہمیں اختیار نہیں ہے اور اگر ہے تو آپ کی ruling party مجھے یہ بتا دے کہ انہوں نے کب، کس جگہ اور کس علاقے کو اپنے manifesto میں شامل کیا تھا کہ اگر وہ اقتدار میں آ گئے تو پنجاب میں 12 صوبے بنا دیں گے۔ جناب چیئرمین! کسی جگہ پر بھی دکھا دیں اور نہ صرف PPP بلکہ کسی پارٹی کے electoral college کے پاس بھی قطعاً کوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ یہاں پر آ کر یہ کہے کہ ہم پنجاب کے صوبے بنانے لگے ہیں۔ بغیر electoral college کے mandate کے اس میں کوئی شک نہیں، آپ کہیں گے کہ شاید پھر Articles 238 and 239 کیوں بنے ہیں۔ No doubt 238 and 239 اس لیے بنے ہیں کہ اگر Constitution میں کبھی amendment کرنی پڑے تو ہو سکے جو کہ rare ہوتی ہے، سالوں اور صدیوں میں ہوتی ہے اور جو inevitable ہوتی ہے، for the larger interest of the country جس کا Constitution امین ہے اور اس کو اس طریقے سے کیا جا رہا ہے کہ ہم 15 ویں سے چلے تھے آج 24th Amendment پر پہنچ گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں نے کل بھی جناب کے سامنے کہا تھا کہ یہ 24th Amendment نہیں ہے، 4 کو پیچھے لائیں اور 20 کو آگے لے جائیں تو 420th Constitutional Amendment ہے۔ یہ چار سو بیسی پاکستان کے ساتھ ہونے لگی ہے۔ جناب چیئرمین! میں Constitution کی amendment کی طرف بھی آتا ہوں کہ یہ کیا کرنے چلے ہیں، کس طریقے سے اور کیسے یہ ہو سکے گی اور پھر اوپر سے خوبصورتی یہ ہے کہ retrospective effect دے رہے ہیں۔ بھئی بڑی جلدی میں ہیں۔ پتا نہیں وہ کونسا گروہ ہے، پتا نہیں کونسا ذہن ہے اور پتا نہیں وہ کونسی شخصیت ہے جس کو صوبہ دار بننے کی بڑی جلدی ہے۔ اس طرح ملک میں نئے صوبے یا نئے صوبے دار جنم نہیں لے سکتے۔ اب جب آپ نے پہلے اس Bill کو کمیٹی کے سپرد کیا تھا اس وقت یہ alteration اور creation والی بات نہیں تھی۔ اب جب اس میں یہ alteration اور creation والی بات کمیٹی میں لائی گئی تو کمیٹی نے ایک further پخ لگا دی Article 239 (4) کو amend کرنے کی۔ جناب چیئرمین! میں یہ پڑھ کر سناتا ہوں۔ A Bill to amend the Constitution which would have the effect of altering اور اب creation بھی ہو گئی ہے، فالتو چیز بھی:

"the limits of a Province shall not be presented to the President for assent unless it has been passed by the Provincial Assembly of that Province by the votes of not less than two-third of its total membership".

جناب چیئرمین! Law Minister *sahib* کو قانون اور آئین پر بڑا عبور ہے۔ یہ جو آگے انہوں نے alteration کی بات کی ہے اگر وہ creation کی نئی بات لانا چاہتے ہیں اور پھر اس کے بعد کچھ create کرنا چاہتے ہیں تو وہ پہلے اس کی amendment کریں، creation والے لفظ کی۔ جب creation والے لفظ کی amendment ہو گی تو آپ کو کسی صوبے میں جانے کی ضرورت ہی نہیں ہو گی۔ اس کی final authority, President of Pakistan ہیں۔ اس کو بغیر کسی اور two-third majority کے یہاں پر Article 239 (4) میں amend کر سکتے ہیں۔ اب یہ جو مسودہ ہمارے سامنے آیا ہے یہ اسی طرح من وعن ہے کیونکہ اس میں alteration and creation ڈال دی گئی ہے۔ یہ صوبہ پنجاب میں چلی جاتی ہے۔ صوبہ پنجاب میں آپ کو two-third majority نہیں ملتی تو جناب یہ تو گیا۔ یہ تو یہیں پر ختم ہو جائے گا اور President of Pakistan کو دستخط

کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہو گی لیکن اگر صرف alteration اور creation کی حد تک بات ہے تو وہ تو Constitutional Amendment کی بات ہے۔ وہ آپ President *sahib* کے پاس بھیج دیں۔ جب یہ ہو جائے گی اور creation آپ کو مل جائے گی تو پھر آپ creation کی طرف آئیں۔ اتنا ظلم ہے کہ اس میں جس طرح Leader of the Opposition اور راجہ ظفر الحق صاحب نے فرمایا کہ میانوالی اور بھکر بھی شامل ہوں گے۔ میں ایک amendment move کرتا ہوں کہ اگر میانوالی اور بھکر اس میں داخل کر رہے ہیں تو نوشہرہ کیوں شامل نہ کر لیں۔ نوشہرہ کو بھی داخل کر دیں۔ نوشہرہ بھی دریائے سندھ کے پاس آباد ہے۔ آپ تحصیل گوجر خان کو بھی اس میں شامل کر دیں۔ لگے ہاتھ یہ بھی ہو جائے گا۔ جناب چیئرمین! اس قدر مذاق، یہ ایک suicidal jacket ہے جو آپ پاکستان کو پہنانے کے لیے جا رہے ہیں۔ پاکستان کو blast کرنا چاہتے ہیں وہ لوگ جن کو پاکستان سے دلچسپی نہیں ہے۔ پاکستان کے ساتھ کافی دشمنی ہو چکی ہے۔ لہذا، میں محترم راجہ ظفر الحق صاحب کے ان الفاظ کو دہراتے ہوئے اور تمام اراکین سینیٹ بشمول حکومتی جماعت کے آگے دست بستہ، ہاتھ جوڑ کر اور ان کے پاؤں پکڑ کر عرض کرتا ہوں کہ خدارا! سیاسی شوق میں اتنا آگے نہ چلے جائیں کہ آپ ملک کو اڑا کر رکھ دیں۔ خدا کے لیے اس پر سوچیں۔

Mr. Chairman: Thank you Shah *sahib*. Mushahid Hussain Syed *sahib*.

Senator Mushahid Hussain Syed: Thank you Mr. Chairman. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ I think that we are today debating a very important issue which has direct bearing for the Federation of Pakistan and I am glad that Mr. Chairman, you are allowing a very democratic and diversified debate on this issue. My only consideration is that on the issues like the creation of provinces or other issues we have to rise above partisan political considerations and see in the broaden national interest and I just want to make 3 short points which I think are relevant in that.

No. 1, that what is the criterion for the creation of new provinces and whether that criterion for the creation of new

provinces is a plus for the federation or a minus for the federation. Whether it unites the federation or divides the federation. Of course, there is no final word that provincial boundaries should remain as they are but there should be a certain process whether it's legitimate popular aspirations, whether it is the issue of good governance. So, that is No. 1. rather than rushing through with a certain proposal just for partisan political considerations or electoral considerations.

Second point I would like to make is that there is International context also to what is happening in Pakistan and the region where we are. The whole region Mr. Chairman, is influx and there is a design, there is some plan to divide Muslim countries on ethnic lines, on sectarian lines, on linguistic lines. There is a talk of division of Iraq, there is a talk of division of Syria, there is a talk of division of Afghanistan and people like Congressmen Dinah, Rore, Baker from the United States of America they are openly taking of secession. So, I think we have to be wary of that. This is not just loose talk because they feel that the Muslim world is something that cannot be controlled through military dictate as has been the evidence for the last ten or eleven years in Iraq and Afghanistan so there should be other design. So, we should be wary of the designs. The third thing I would like to say is that Mr. Chairman, whatever decisions we take either today or tomorrow or day after, we should not open up a Pandora's Box of consequences which we cannot control.

پچھلے دنوں میں ایک high level meeting ہو رہی تھی تو اس میں صوبے کی بات شروع ہوئی۔ میں
نے کہا کہ ایک اصولی موقف اختیار کریں نہ کہ سیاسی موقف and I said that if today you
take a decision of provinces, say in Punjab or other parts of
Pakistan, what about Sindh. کل کراچی صوبے کی کوئی demand آگئی اور I must

انہوں نے کہا، دیکھیں جی! admire Senator Babar Ghori. اگر لوگوں نے چاہا اور requirement ہوئی تو یہ مطالبہ آئے گا۔

So, we should be aware in what direction we are heading and whatever decision we take there will be consequences for the provinces and for the federation of Pakistan. Thank you very much Mr. Chairman.

Mr. Chairman: Thank you. Farhatullah Babar *sahib*.

**سینیٹر فرحت اللہ بابر:** شکریہ جناب چیئرمین۔ آج کی بحث کا آغاز سینیٹر محسن لغاری صاحب نے قرآن شریف کی ایک آیت سے کیا(انگریزی ترجمے سے)۔ میں بھی اسی آیت سے شروع کرتا ہوں،(رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي)

With the hope and prayer that what I say will be understood by our friends from the other side in the spirit in which I say this.

جناب چیئرمین! میں زیادہ وقت نہیں لوں گا لیکن ان تمام اعتراضات کا جو میں نے غور سے سنے اور نوٹ کیے ہیں ان کا ایک مجموعی احاطہ لے کر بڑے مختصر سے وقت میں ان سب کا جواب دینے کی کوشش کروں گا۔ یہاں پر یہ کہا گیا کہ بل کے ذریعے جو صوبہ بنایا جا رہا ہے یہ آئین کے مطابق نہیں ہے۔ یہ دعویٰ بھی کیا گیا کہ موجودہ پارلیمان کو یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ ملک کے کسی صوبے کے اندر نئے صوبے بنائے۔ یہ بھی کہا گیا کہ یہ رپورٹ نامکمل ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ خود اس کمیشن کے کچھ ممبران نے رپورٹ پر تحفظات کا اظہار کر کے رپورٹ کا حصہ بنایا۔

جناب چیئرمین! یہاں یہ بات بھی کہی گئی کہ یہ political stunt ہے اور ایک انتہائی محترم اور معزز سینیٹر نے جن کا میں بہت احترام کرتا ہوں، انہوں نے کہا کہ یہ چوبیسویں ترمیم نہیں ہے، یہ چار سو بیسویں ترمیم ہے، یہ کسی جماعت کے منشور میں شامل نہ تھا، موجودہ پارلیمان یہ کام کرنے کی اہل نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! میں اپنی پارٹی کی بات تو کر سکتا ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی پہلی جماعت تھی جس نے جنوبی پنجاب میں اپنی پارٹی کی تنظیمیں قائم کیں، صوبہ تو اب بھی نہیں بنا اور جب صوبہ نہیں بنا تھا پاکستان پیپلز پارٹی نے باقاعدہ ایک پارٹی کی تنظیم قائم کی۔ یہ جناب چیئرمین! پیپلز پارٹی ہی تھی جس نے جنوبی پنجاب کے احساسات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس ملک کا وزیر اعظم 2008

کے انتخابات کے بعد جنوبی پنجاب سے لیا۔ جناب چیئرمین! جب اس وزیر اعظم نے جنوبی پنجاب کے عوام کے حقوق کی بات کی اس کو چلتا کر دیا گیا۔ جب اس کو وزارت عظمیٰ سے گھر بھیجا گیا تو دوسرا وزیر اعظم پاکستان پیپلز پارٹی لانا چاہتی تھی وہ بھی جنوبی پنجاب سے تھا لیکن ان کو ephedrine case میں involve کر کے اس کا راستا بند کر دیا گیا۔ میرے انتہائی محترم حاجی عدیل صاحب بیٹھے ہوئے ہیں جو ANP سے تعلق رکھتے ہیں، ANP کی پارٹی کے منشور میں بھی یہ سرائیکی صوبہ شامل ہے۔ جناب چیئرمین! اس لیے یہ کہنا کہ یہ کسی ایک یا دو پارٹیوں کا سیاسی stunt ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ زیادتی ہے، ہر گز یہ stunt نہیں ہے، یہ حقائق کا ادراک کرتے ہوئے، ٹھوس اقدامات لیتے ہوئے پہلا مستند قدم لیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ کہا جاتا ہے کہ یہ پارلیمان اہل نہیں ہے، اس کو یہ اختیار نہیں ہے کہ جنوبی پنجاب کے لوگوں کو ان کی شناخت اور ان کا صوبہ دیا جائے کیا یہ وہی پارلیمان نہیں جس نے پختونوں کو اٹھارہویں ترمیم کے ذریعے ان کی شناخت دی، کیا یہ وہ پارلیمان نہیں ہے جس نے اٹھارہویں ترمیم کر کے آئین سے تمام dictatorial clauses کو ختم کر دیا، کیا یہ وہ پارلیمان نہیں ہے جس نے پختونوں کو پاکستان کی 65 سالہ تاریخ میں پہلی بار شناخت دی۔ اگر پارلیمان یہ کر سکتی ہے تو یقیناً یہ پارلیمان اس بات کی بھی مجاز ہے کہ جنوبی پنجاب کے عوام کو بھی ان کی شناخت دے اور ان کے لیے بھی صوبہ بنا سکے۔

جناب چیئرمین! ایک بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ صوبہ نہ قومی اسمبلی بنا سکتی ہے، نہ سینیٹ بنا سکتا ہے، ہم تو صرف یہی کر سکتے ہیں کہ اس کے بارے میں آئینی ترمیمی بل لائیں، ہو سکتا ہے سینیٹ سے پاس ہو، ہو سکتا ہے پاس نہ ہو

but a conscious, deliberate effort, a conscious political decision has been made and we will follow the path regardless of what happens. This is our political commitment.

اب جناب چیئرمین! جب یہ کمیشن بنا، ہمارے دوستوں نے اس کمیشن پر بھی اعتراض کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کمیشن بھی غیر قانونی ہے اور غیر آئینی ہے۔ اس کمیشن کی جو بنیاد ہے میں اس کی تھوڑی سی وضاحت کروں گا کہ قومی اسمبلی میں 3 مئی کو گزشتہ سال ایک متفقہ قرارداد پاس ہوئی تھی جس میں حزب اقتدار کی جماعتیں، حزب اختلاف کی جماعتیں، تمام شامل تھیں، یہ متفقہ قرارداد تھی۔ میں

وقت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اس قرارداد کا صرف operative part پڑھتا ہوں۔ قرارداد کا operative part کہتا ہے

It is expedient that a new province to be known as the province of Janoobi Punjab be created from the present province of Punjab.

اس کے بعد جناب چیئرمین! ایک ہفتے کے بعد 9 مئی کو پنجاب اسمبلی میں دو قراردادیں پاس ہوئیں، ایک قرارداد میں مختصراً صوبہ جنوبی پنجاب کی تشکیل کا مطالبہ تھا اور دوسرا جیسے ہمارے محترم سینیٹر صاحبان نے ذکر کیا۔ یہ تھا کہ صوبائی اسمبلی کی رائے ہے کہ بہاولپور کے عوام جو ایک طویل عرصے سے بہاولپور صوبہ کی بحالی کی جدوجہد کر رہے ہیں یہ مطالبہ سابقہ صوبے کو بحال کرنا ہے۔ سابقہ صوبہ بہاولپور کو بلا تاخیر بحال کیا جائے۔ جناب چیئرمین یہ وہ بنیاد تھی۔ جب یہ قراردادیں پاس ہوئیں قومی اسمبلی سے اور صوبائی اسمبلی سے تو صدر پاکستان نے اس کا نوٹس لیا اور 3 مئی 2012 کو صدر پاکستان نے سپیکر نیشنل اسمبلی کو پیغام بھیجا اور کہا کہ آپ ایک کمیشن بنائیں۔ اس کمیشن میں چھ قومی اسمبلی کے ممبران ہوں، سینیٹ کے چھ ممبران ہوں اور پنجاب اسمبلی کے دو ممبران ہوں اور وہ کمیشن جنوبی پنجاب صوبے کے بارے میں اپنی سفارشات ایک مہینے میں سپیکر صاحبہ کو دیں اور وزیراعظم صاحب کو بھی دیں۔

جناب چیئرمین! صدر پاکستان کے اس communication کے نتیجے میں محترمہ سپیکر نے پنجاب اسمبلی کے سپیکر کو خط لکھا، نیشنل اسمبلی نے صوبائی اسمبلی کو خط لکھا کہ دو صوبائی اسمبلی کے ممبران کو نامزد کیا جائے۔ پنجاب کی صوبائی اسمبلی نے اس سے انکار کیا۔ کمیشن بنا اور کمیشن کی creation کا notification 16th August, 2012 کو ہوا اس میں یہ بھی کہا گیا کہ دو پنجاب اسمبلی کے ممبران اس وقت ہوں گے جب ان کی nomination ہو جائے گی۔ جناب چیئرمین! اس کے بعد 28 اگست کو کمیشن کا پہلا اجلاس ہوا جس میں مجھے چیئرمین منتخب کیا گیا۔ جناب چیئرمین! جب ہمارا پہلا اجلاس ہوا تو وہی سوالات جو یہاں سے اٹھے ہیں، اس کمیشن کے سامنے بھی تھے کہ کیا آئین کا آرٹیکل (4) 239 صوبہ بنانے کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ کیا سپیکر قومی اسمبلی کے پاس کمیشن بنانے کا اختیار ہے یا نہیں؟ کیا یہ کمیشن اپنے قواعد و ضوابط مرتب کرسکتا ہے یا نہیں؟ یہ سارے سوالات اس کمیشن کے سامنے موجود تھے۔ جناب چیئرمین! میں وقت کے اختصار کی خاطر تفصیل میں نہیں جاتا، وکلاء سے، legal team سے مشورہ کیا گیا اور ان کے مشورے کے بعد انہوں نے یہ کہا کہ آئین کا Article

239(4) صوبوں کی حدود میں alteration کی بات کرتا ہے لیکن جب اس کو آپ Article 1 جس میں صوبوں کے نام دیئے گئے ہیں اور Article 1 میں ترمیم کر کے نئے صوبے کا نام ڈالیں گے تو Article 1 میں ترمیم اور Article 239(4) دونوں کو juxtapose کر کے آئین اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ آپ نیا صوبہ بنا سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات میں نہیں جاتا this was the considered view and this is the considered view, we believe that yes, reading together the two Articles of the Constitution, Article 1 and Article 239, the Constitution of Pakistan permits making new provinces. However, نئے صوبے بنانے میں جو سب سے بڑی پابندی ہے وہ یہ ہے کہ خواہ قومی اسمبلی بھی اسے پاس کرے، سینیٹ بھی پاس کرے، صدر پاکستان اس کی توثیق نہیں کر سکتا جب تک متعلقہ صوبائی اسمبلی دو تہائی اکثریت سے پاس نہ کرے۔ میں اپنے دوستوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آج آپ اس کو stunt سمجھتے ہیں تو پھر صوبائی اسمبلی پنجاب نے دو resolutions پاس کیوں کئے؟ کیا وہ بھی stunt تھا اور اگر واقعی stunt ہے تو یہ Bill finally صوبائی اسمبلی پنجاب کے پاس ہی جائے گا اور اس کو اختیار ہے کہ وہ اس stunt کو اگر واقعی یہ stunt ہے بیک جنبش قلم ختم کر دیں لیکن مجھے سمجھ نہیں آتی کہ پنجاب کی صوبائی اسمبلی نے خود متفقہ قراردادیں پاس کی ہوں اور اس کے بعد ہم میں سے کوئی کھڑا ہو کر یہ کہے کہ یہ stunt ہے تو گویا ہم یہ کہنا چاہتے ہیں کہ متعلقہ صوبے کی صوبائی اسمبلی جس میں تمام سیاسی جماعتوں کے منتخب نمائندے تھے ان کا مقصد کچھ اور نہیں تھا سوائے stunt کے، میں سمجھتا ہوں

this is a very stinging indictment of the provincial assembly of Punjab, which I think is unfortunate.

جناب چیئرمین! میں یہ تفصیل اس لیے بتا رہا ہوں کہ اس کمیشن پر بھی اعتراضات کئے گئے، جب اس کمیشن نے legal hurdles overcome کر لیں تو کمیشن نے اخبار میں اشتہار دیا کہ جو بھی کمیشن کے سامنے آنا چاہے، تحفظات کا اظہار کرے یا تجاویز دے he is welcome. دس اخبارات میں اشتہارات دیئے گئے، اس کے نتیجے میں اس کمیشن کے پاس 2300 سے زیادہ communications آگئیں جو ریکارڈ کا حصہ ہیں۔ اس کمیشن کے سامنے 15 experts پیش ہوئے جنہوں نے اپنی رائے کا اظہار کیا کہ صوبہ کیسے بن سکتا ہے، بنانا چاہیے، نہیں بنانا چاہیے، ایک ہو یا دو

ہوں۔ اس کمیشن کے سامنے جنوبی پنجاب، ڈی جی خان، ملتان اور بہاولپور سے 14 MNAs and Senators بھی آئے، انہوں نے بھی اپنی رائے دی کہ اگر صوبہ بنے گا تو اس کا نام کیا ہونا چاہیے، اس میں کون کون سے علاقے شامل ہونے چاہیئیں۔

Mr. Chairman, this is the background of the Commission, this is the legality of the Commission. ہمارے سامنے بھی یہ سوال تھا کہ پنجاب اسمبلی نے بہاولپور صوبہ کی بحالی کی بات بھی کی ہے اور جتنے بھی experts آئے، ہم نے ان سے بہاولپور صوبہ کے بارے میں بات کی کیونکہ پنجاب اسمبلی کا جو resolution تھا وہ یہ تھا کہ صوبہ بہاولپور کی بحالی۔ ہم نے پوچھا اگر بہاولپور کبھی صوبہ تھا تو ظاہر ہے اس کا کوئی قانونی notification تو ہوگا، آپ ہمیں اس notification کی کاپی دیں۔ ہم نے بہت research کی اور جو experts بھی آئے including those who were pleading the province of Bahawalpur جب ان سے پوچھا گیا تو it transpired that Bahawalpur was never a province. It was a state. چنانچہ کمیشن کے سامنے یہ سوال تھا کہ اگر بہاولپور کو بھی صوبہ بنایا جائے تو اس وقت جتنی بھی ریاستیں تھیں، خیرپور، سوات almost 10 ان کا بھی ایک legitimate claim علیحدہ صوبے کا بنے گا۔ اس کمیشن کو اختیار نہیں ہے صوبہ پنجاب سے باہر جانے کا this was there in the mandate of the Commission یہ کمیشن پنجاب سے باہر کوئی بات نہیں کرسکتا تھا، کوئی تجویز entertain نہیں کر سکتا تھا، کمیشن نے مناسب سمجھا کہ بہاولپور صوبے کا کوئی جواز اس لحاظ سے نہیں ہے کہ یہ پہلے کوئی صوبہ تھا۔

جناب چیئرمین! تحقیق کے دوران یہ بھی پتا چلا کہ بہاولپور صوبے کے بارے میں عدالت عالیہ سے بھی رجوع کیا گیا تھا اور ہائی کورٹ سے وہ petitions خارج ہو گئی تھیں۔ ہم نے اپنی طرف سے تحقیق کرنے کے بعد اور یہ دیکھنے کے بعد کہ عدالتوں سے بھی یہ مسترد ہوا تھا، کمیشن نے یہ سمجھا کہ صوبہ جنوبی پنجاب صرف ان علاقوں پر مشتمل ہو، ایک ہی صوبہ ہونا چاہیے، دو نہیں ہونے چاہیئیں۔ جناب چیئرمین! یہاں پر بات کی گئی کہ آئین کا Article 33, parochialism, provincialism سے منع کرتا ہے۔ یہ درست ہے کہ parochialism, provincialism نہ ہم چاہتے ہیں اور نہ آئین اس بات کی اجازت دیتا ہے so what was the guiding principle.

جناب چیئرمین! یہی آئین Article 38 میں یہ بھی کہتا ہے the state shall secure the well-being of the people irrespective of caste, creed or race, by raising their standard of living by preventing the concentration of wealth and means of production and distribution in the hands of a few to detriment of the general public interest.

Mr. Chairman, we knew that provincialism and parochialism کو ہوا نہیں دینی۔ یہی وجہ ہے کہ رپورٹ اس بات کو واضح کرتی ہے کہ وہ کون سے عوامل ہیں جن کی بنیاد پر یہ صوبہ بنایا جا رہا ہے۔ ہمارے ذہن میں کون سے عوامل ہیں جن کی بنیاد پر صوبہ بنایا جا رہا ہے۔ جنوبی پنجاب کے عوام کا مطالبہ and we have said various factors including feelings of deprivation, under development, geographical continuity, administrative needs, social homogeneity that was the basis and of course..... Are we in a hurry, Mr. Chairman?

**جناب چیئرمین:** نہیں آپ فرمائیں۔

**سینیٹر فرحت اللہ بابر:** جناب چیئرمین! یہاں یہ بھی اعتراض کیا گیا کہ خود اس کمیشن کی رپورٹ پر ممبران نے تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ جناب چیئرمین! رپورٹ پر تمام نے unanimously endorse کیا ہے اور اپنی علیحدہ رائے کا اظہار کرکے اس کو رپورٹ کا علیحدہ حصہ بنایا ہے but the operative para says that we, the members of this Commission unanimously endorse the report. جہاں تک علیحدہ notes کا تعلق ہے، اٹھارھویں ترمیم میں بھی یہ ہوا تھا اور تمام آئینی ترامیم میں اس طرح ہوتا ہے۔ اس طرح کی تمام رپورٹس میں، ہر پارٹی، ہر ممبر اپنی رائے کے مطابق، اپنے منشور کے مطابق، اپنے تحفظات کا اظہار کرتا ہے but the important thing what should we see is کہ کیا رپورٹ unanimously endorse ہوئی یا نہیں؟

This report has been endorsed unanimously and is a measure of the endorsement of the report, all the honourable members of the Commission have affixed their signatures on this report.

جناب چیئرمین! یہاں پر یہ بات بھی کی گئی کہ رپورٹ نامکمل ہے۔ وسائل کی تقسیم کی بات نہیں کی گئی، پانی کی بات نہیں کی گئی۔ جناب چیئرمین! یہ کہا گیا کہ کلیدی معاملات کی بات نہیں کی گئی۔

**جناب چیئرمین:** بابر صاحب! اب آپ conclude کر لیں۔

**سینیٹر فرحت اللہ بابر:** ٹھیک ہے۔ آئین میں کئی آرٹیکلز ہیں جن میں ان تمام معاملات کو address کیا جا سکتا ہے۔ Council of Common Interests ہے، 1991 کا Water Accord ہے، National Economic Council ہے، National Finance Commission ہے، all these things are there in the Constitution. یہاں پر یہ اعتراض کیا گیا چونکہ سپریم کورٹ میں اس علاقے سے کوئی جج نہیں ہے ہائی کورٹ کا تو سپریم کورٹ میں نہیں جا سکے گا۔ جناب چیئرمین! آئین کا آرٹیکل 177 کہتا ہے کہ وہ شخص سپریم کورٹ کا جج بننے کا اہل ہو سکتا ہے جو ایڈووکیٹ بھی ہو اور جس کی اتنی length of practice ہو تو یہ اعتراض بھی درست نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! چونکہ آپ نے ہدایت کی ہے کہ اس کو جلدی ختم کروں تو میں اس کو جلدی ختم کروں گا۔ جناب چیئرمین! ایک grievance کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں اور وہ grievance یہ ہے کہ یہاں پر بڑے پرزور دلائل دیئے گئے کہ funds کی تقسیم وغیرہ میں جنوبی پنجاب کو بڑا حصہ دیا گیا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ جو resource distribution ہوتا ہے اس کا direct link with the bureaucracy ہوتا ہے۔ Bureaucracy determines what is to be done. جناب چیئرمین! جب ہم نے تحقیق کی تو ہمیں یہ پتا چلا کہ پنجاب کے جو یہ تین divisions ہیں، ملتان، ڈی جی خان اور بہاولپور versus other divisions جناب چیئرمین! گریڈ بائیس میں ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان کے چار افسران ہیں باقی گوجرانوالہ، لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی کے 42 ہیں۔ گریڈ 21 میں جنوبی پنجاب کے 20 ہیں، and the rest of the Punjab 107. Grade 20 میں جنوبی پنجاب کے 48 the rest of the Punjab 389. Grade 18 میں three divisions of Punjab 161 and the rest of the

Punjab which is Gujranwala, Faisalabad, Lahore and Rawalpindi 1709 جناب چیئرمین یہیں سے discrimination کی بنیاد شروع ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین! میں ایک بات personal explanation کی بھی کروں۔ ایک اعتراض اس ایوان میں نہیں آیا تھا۔ جناب چیئرمین! یہ کہا گیا کہ یہ وقت نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہی وقت ہے اور یہ یاد رکھیں میں اپنے دوستوں سے کہنا چاہتا ہوں کہ
this is a critical decision which you have to take. Critical decisions have to be taken on time. Mr. Chairman, my last sentence would be, a decision delayed, if they think, the delaying the decision will avoid the problem, I want to tell them that a decision delayed is not a problem avoided, it is a crisis invited. Let us not invite the crisis hoping that we will avoid the problem. Therefore let us go with this Bill. Thank you very much.

*(At this stage Senators of PML(N) and ANP walked out)*

Mr. Chairman: It has been moved that the bill further to amend the Constitution of Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (twenty fourth Amendment) Bill, 2013], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Second reading of the Bill, we may now take up second reading of the Bill that is clause by clause consideration of the Bill. There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Moshin Khan Leghari in Clause 2. please move the amendment.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Mr. Leghari, please move the amendment.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: I move that in Clause 2 of the Bill, for the word "the" occurring for the first time, the words "area comprising of the present" be inserted and

after Clause (3) of the Bill, following new Clause (4) be added, namely;

"(4) *Majlis-e Shoora* (Parliament) may carve out or create a new province from the existing limits of an existing province or redraw the boundaries of more than one provinces, subjet to the will of the majority of the District/Tehsil (administrative unit) being affected and provisions of Article 239 (4) regarding approval of the respective provincial assembly.

"Explanation:- No district/tehsil (administrative unit) shall be reallocated to another province or be made part of any newly created province without its explicit consent".

Mr. Chairman: I now put the amendment to the House.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: Sir I have said….

Mr. Chairman: Do you want count?

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: I would like a count.

Mr. Chairman: Let say who is in the amendment.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: You are repeating the question again and again.

Mr. Chairman: I am asking you.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: When you first move the question there was a loud vocal "Aye"

Mr. Chairman: Do you want count for that.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: I will be grateful.

Mr. Chairman: Ok. Those who are in favour of the amendment may stand in their seats.

*(The count was made)*

Mr. Chairman: Now, those who are against it, rise in their seats.

*(The Motion was negatived)*

Mr. Chairman: Is it clear now?

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: Sir, should I be given a chance to present arguments for my amendment.

Mr. Chairman: There is another amendment in this clause in the name of Mr. Hasil Khan Bazinjo. Please move the amendment.

وہ موجود نہیں ہیں. it is dropped.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: The practice that I am exposed to in the Punjab Assembly is that I should be given a reason to convince…

Mr. Chairman: There are a lot of other amendments, I will give you the opportunity.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: Sir, this particular amendment and every amendment will have to be treated separately.

Mr. Chairman: Now it has been decided by the House.

Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari: This is bulldozing.

**Mr. Chairman:** Clause 3. There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 3. Please move the amendment.

**Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari:** Please give me a chance to speak. There is no use saying all this. I think you may become tired of this long sitting or…

**Mr. Chairman:** I will now put clause 2 to the vote of the House. The question is that Clause 2 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

*(At this stage Senator Muhammad Mohsin Khan Leghari walked out of the House)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 2 and none against it. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 3. Please move the amendment. He has left the House. I will now put Clause 3 to the vote of the House. The question is that Clause 3 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 3 and none against it. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** Clause 4. There is amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 4. Please move the amendment. He is not present. I will now put Clause 4 to the vote of the House. The question is that Clause 4 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 4 and no member is against. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** Clause 5. There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 5. Please move the amendment. He is not present. I will now put Clause 5 to the vote of the House. The question is that Clause 5 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 5 and no member has voted against. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** Clause 6. There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 6. Please move the amendment. He is not present. I will now put Clause 6 to the vote of the House. The question is that Clause 6 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 6 and none against it. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** Clause 7. There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 7. Please move the amendment. He is not present. I will now put Clause 7 to the vote of the House. The question is that Clause 7 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 7 and none against it. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** There is an amendment in the name of Mr. Muhammad Mohsin Khan Legahri in Clause 8. Please move the amendment. He is not present. I will now put Clause 8 to the vote of the House. The question is that Clause 8 do form part of the Bill?

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of Clause 8 and none against it. So, the motion is carried by the votes of not less than two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** There is an amendment in the names of Haji Muhammad Adeel and Mr. Muhammad Sardar Ali in Clause 9. Please move the amendment.

**Senator Sardar Ali Khan:** I move that Clause 9 of the Bill be omitted.

**Mr. Chairman:** It has been moved that Clause 9 be omitted.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** We have another 2 amendments in Clause 9 moved by Senator Haji Muhamamd Adeel and Senator Muhammad Farogh Naseem, whether they will withdraw their amendments or otherwise, as they have become redundant due to adoption in the 1st amendment.

*(The amendment was withdrawn by the members.)*

**Mr. Chairman:** The amendment has been withdrawn. I will now put clause 9 to the vote of the House. The question is that clause 9 be omitted.

*(The count was made)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of omission of Clause 9 and none against it. So, the motion is carried by votes of not less then two−third of the total membership of the House.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** We may now take up Clause I, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause I, the Preamble and the Title do stand part of the Bill?

*(The count was made.)*

**Mr. Chairman:** Seventy members have voted in favour of omission of Clause 1 and none against it. So, the motion is carried by votes of not less then two−third of the total membership of the House. Clause I, the Preamble and the Title do stand part of the Bill.

*(The motion was carried)*

**Mr. Chairman:** Clause I, the Preamble and the Title do stand part of the Bill. Item No. 12. Mr. Farooq Hamid Naek, Minister for Law and Justice may move Item No. 12.

**Senator Farooq Hamid Naek:** Thank you Mr. Chairman. I wish to move that the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Twenty−fourth Amendment) Bill, 2013], be passed.

**Mr. Chairman:** It has been moved that the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Twenty−fourth Amendment) Bill, 2013], be passed.

As per rules the decision on the motion will be by division. The procedure regarding voting by division is mentioned in Third Schedule of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012. As per procedure, the division bells will be rung for two minutes to enable members not present in the chamber to return to their places immediately. After the bells stop ringing, all entrances to the lobby will be locked and the Senate staff posted at each entrance will not allow any entry or exit through these entrances until the division has concluded.

I will then put the motion before the House and the members who are in favour of the motion will move to the right and against it to the left divide.

Accordingly, as they wish to vote, members will then proceed to the "Ayes" and the "Noes" lobby and they pass in single file before the tellers. On reaching the desk of the tellers, each member will, in turn, call out the division number which will be allotted to him for this purpose. The Tellers will then mark off this number on the division list simultaneously calling loud the name of the members. In order to ensure that his vote has been properly recorded, the member should not move off until he has clearly heard the Teller thus call out his name. The division number allotted to each member has been communicated separately which is marked on the seat card of each member.

When the voting process will be completed in the division lobbies, the Tellers will present division lists to the Secretary, who will count the votes recorded thereon and then present the total of the "Ayes" and "Noes" to me. I will then announce the result to the House. The division will not be at an end until the result is so announced.

So, the division bells may be rung for two minutes to enable members present in the Chamber to return to their places.

*(The bells were rung)*

Mr. Chairman: I will now put the motion before the House.

The question is that the Bill further to amend the Constitution of Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Twenty−fourth amendment) Bill, 2013], be passed.

The Honourable members along with their division number may please move either to the 'Ayes' to my right or 'Noes' to my left as they wish.

*(All members went to Ayes lobby)*

**Mr. Chairman:** Voting has been completed and I request the Secretary to collect the record and count the votes.

*(The count of votes was made)*

**Mr. Chairman:** The result of the division has been received, therefore, all entrances be unlocked and all members are requested to be seated.

*(Pause)*

**Mr. Chairman:** I will now announce the result of voting. 70 members are in favour of the motion regarding passage of the Bill and none against. So, the motion is carried by votes of not less than 2/3rd of the total membership of the Senate and consequently, the Bill stands passed. Minister for Law and Justice.

**سینیٹر فاروق حامد نائیک:** Thank you sir, I will say only a few words, I know all the honourable members are tired سب سے پہلے میں تمام معزز ارکان کو مبارک باد دیتا ہوں اور جناب چیئرمین! آپ کو بھی مبارک باد دیتا ہوں۔ This is the historic day آج will of the people has prevailed جو نیا صوبہ بنا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ بنے گا جو آج سینیٹ سے منظور ہوا ہے، صوبہ بہاولپور جنوبی پنجاب کے جو residents ہیں ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان Divisions and Districts of Mianwali and Bhakkar میں سمجھتا ہوں کل ان کے لیے ایک نئی صبح آئے گی ، ان کی جو محرومیاں ہیں economic and administrative وہ دور ہوں گی۔ ان کے areas کے اندر colleges کی کمی ہے، ان کے areas کے اندر ہسپتالوں کی کمی ہے، ان کے areas میں سکولوں کی کمی ہے اور ترقی کرنے کے لیے جو چیزیں ضروری ہیں ان کی کمی ہے۔ میں سمجھتا ہوں اگر انشاء اللہ تعالیٰ یہ صوبہ بن گیا تو یہ اس صوبے کے جو باسی ہیں ان کی خوشحالی کے لیے بہت بڑا قدم ہوگا۔ آخر میں ، میں پھر سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور this is a historic day which is unbelievable. Thank you.

(ڈیسک بجائے گئے)

**Mr. Chairman:** Before I give floor Babar Ghouri *Sahib*

جی سعید غنی صاحب آپ کی کوئی request تھی۔

**سینیٹر سعید غنی:** جی۔ میں صرف اتنی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ کل ہمارے سندھ سے ایک صوبائی وزیر اور ہماری پارٹی کے بڑے پرانے ساتھی اور ور کر تھے جنہوں نے بڑی محنت کی اور وہ دو دفعہ ایم پی اے اور صوبائی وزیر بھی بنے رفیق انجینئر صاحب ان کا انتقال ہو گیا ہے اگر ان کے لیے دعائے مغفرت کرالیں تو مہربانی ہو گی۔

**جناب چیئرمین:** جی مرحوم رفیق انجینیئر صاحب کے لیے دعائے مغرت کیجیئے۔

(فاتحہ خوانی کی گئی)

**جناب چیئرمین:** جی بابر غوری صاحب۔

**سینیٹر بابر خان غوری:** بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! پہلے تو میں پورے ایوان سمیت پوری قوم کو مبارک باد دوں گا۔ متحدہ قومی موومنٹ کا شروع سے یہ مطالبہ رہا ہے اور ہمارے منشور میں بھی تھا کہ South Punjab اور سرائیکی عوام کو ان کے حقوق ملیں، بہاولپور کے عوام کو ان کے حقوق ملیں اور الحمدللہ آج اس کی پہل ہوئی ہے۔مجھے امید ہے کہ یہ قومی اسمبلی سے اور آگے پنجاب اسمبلی سے بھی pass ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ جہاں جہاں بھی لوگوں کی خواہشات اور امیدیں ہیں ہم سب کو ان کو address کرنا چاہیے۔ پاکستان مضبوط ہی تب ہوگا جب ہم سب کی خواہشات کا احترام کریں گے۔ سب کی جو آواز ہے اس کو دبانے کی بجائے ---چانڈیو صاحب! ایسا نہ کریں۔ یہ بالکل صحیح ہے اور اس میں پاکستان ایک گھرانے کی حیثیت رکھتا ہے جب کسی گھر میں بچے بڑے ہوجاتے ہیں تو خود ماں باپ بھی ان کو الگ گھر لے کردیتے ہیں مسائل کو حل کرنے کے لیے۔میں سمجھتا ہوں کہ سرائیکی اور جنوبی پنجاب صوبے کے لیے اس ایوان نے آج بہت بڑا کام کیا ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کی طرف سے مبارک باد دیتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ پاکستان کے تمام عوام -- اور بندوق سے کوئی کسی کو روک نہیں سکتا یہ سب مسائل حل ہوتے ہیں محبت پیار سے۔اگر پاکستان کو مضبوط کرنا ہے تو لوگوں کی خواہشات کا احترام کرنا ہوگا۔ بہت شکریہ۔

**Mr. Chairman:** Thank you. The House stands adjourned to meet again on Wednesday, the 7th March, 2013 at 04.30. p.m.

.................................

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 7th March, 2013 at 04.30.p.m.]*

.................................